# لاہور آڈیشن کا نصاب

سوال: حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسم مبارک بتائیں؟

جواب} آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسم مبارک عبد اللہ بن ابی قحافہ ہے۔

سوال: وہ کونسے واحد صحابی ہیں جن کے والدین، بیٹے اور پوتے سب صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے؟

جواب} حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال: سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب} حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال: حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے سے سب سے زیادہ فائدہ کیا ہوا؟

جواب} آپ رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے دن سے اسلام کا غلبہ شروع ہوا۔

سوال: سب سے پہلے امیر المومنین کا لقب کس کا ہوا؟

جواب} حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

{کھانے کا اسلامی طریقہ}

سوال: جب کھانا شروع کرتے ہیں تو پہلے، دوسرے اور تیسرے لقمے پر کیا پڑھنا چاہئے؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب} پہلے لقمے پر "بِسمِ اللّٰہ" دوسرے سے قبل "بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰن" اور تیسرے سے پہلے "بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمْ" پڑھنا چاہیئے۔

سوال: وہ کونسا کلمہ ہے جو ہر نوالہ پر پڑھا جائے تو ان شاء اللہ عزوجل وہ کھانا اُس کے پیٹ میں نُور ہوگا؟

جواب} یاوَاجِدُ

سوال: اگر کھانے کی ابتداء اور انتھاء میں نمک یا نمکین چیز کھالی جائے تو اس سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟

جواب} اس سے ستّر (70) بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔

سوال: روٹی کونسے ہاتھ میں پکڑ کو کونسے ہاتھ سے توڑی جائے کہ سنّت ادا ہو جائے؟

جواب} روٹی اُلٹے ہاتھ میں پکڑ کر سیدھے ہاتھ سے توڑیئے کہ یہ سنّت ہے۔

سوال: کتنی اور کون کونسی انگلیوں سے کھانا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنّت ہے؟

جواب} تین انگلیوں یعنی بیچ والی، شہادت کی اور انگوٹھے سے کھانا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنّت ہے۔

سوال: تین انگلیوں سے کھانا کس کی سنّت ہے؟

جواب} یہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنّت ہے۔

سوال: حضرت سیدنا ملّا علی قاری علیہ رحمۃ الباری کے فرمان کے مطابق بتائیں کہ پانچ انگلیوں سے کھانا کس کی نشانی ہے؟

جواب} پانچ اُنگلیوں سے کھانا حریصوں کی نشانی ہے۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: پھل کھانے سے پہلے کھانے چاہئے یا بعد میں، اس بارے میں امام غزالی علیہ الرحمہ کیا فرماتے ہیں؟

جواب} حضرتِ سیِّدُنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں:"اگر پھل ہوں تو پہلے وہ پیش کئے جائیں کہ طبّی لحاظ سے ان کا پہلے کھانا زیادہ مُوافِق ہے، یہ جلد ہَضم ہوتے ہیں لہٰذا ان کو مِعدے کے نچلے حصّے میں ہونا چاہئے۔

سوال: کھانا کھاتے ہوئے اچھا سمجھ کر چُپ رہنا کس کا طریقہ ہے؟

جواب} آتش پرستوں کا طریقہ ہے۔

سوال: خوب ڈٹ کر کھانا سنّت ہے یا بھوک سے کم کھانا سنّت ہے؟

جواب} خوب ڈٹ کر کھانا سنّت نہیں۔

سوال: جو شخص کھانے کے بعد برتن چاٹتا ہے، اُس کی کیا فضیلت ہے؟

جواب} سُنن ابنِ ماجہ میں ایک روایت ہے کہ برتن اُس کیلئے اِستغفار کرتا ہے۔

سوال: نکاح کے وقت حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب} بائیس(22)سال

سوال: حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح سیدتنا فاطمۃ الزھراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ کس دن کس تاریخ کو ہوا؟

جواب} پیر کے دن، سترہ(17)رجب المرجب

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:وہ کونسی تسبیح تھی جو خاص پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بتائی تھی؟

جواب} تسبیح فاطمہ

سوال:جائز چیزوں میں سب سے ناپسندیدہ چیز کیا ہے؟

جواب} طلاق (اَبْغَضُ الْمُبَاحَاتِ الطَّلَاقُ) ترجمہ:یعنی جائز چیزوں میں سب سے ناپسندیدہ شے طلاق ہے۔

سوال:فرعون کس تاریخ کو غرق ہوا تھا؟

جواب} دس(10) محرم الحرام

سوال:اسلام میں سب سے پہلے کس دن کا روزہ فرض ہوا تھا، پھر رمضان شریف کے روزوں سے اُس روزے کی فرضیت منسوخ ہو گئی تھی؟

جواب} عاشورہ(10 محرم) کا روزہ

سوال:وہ کونسی محفل ہے جس کی برکت سال بھر تک گھر میں رہتی ہے؟

جواب} تفسیر روح البیان میں ہے کہ محفلِ میلاد شریف کی برکت سال بھر تک گھر میں رہتی ہے۔(روح البیان ،پارہ26، تحت29، جلد9، صفحہ57)

سوال:دَابَّۃُ الارض ہر شخص پر جو نشانی لگائے گا وہ کیا ہو گی؟

جواب} ایمانداروں کی پیشانی پر عصائے موسیٰ علیہ السلام سے ایک نورانی خط کھینچے گا۔کافر کی پیشانی پر حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری سے کالی مُہر کریگا۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: "صراط" کسے کہتے ہیں؟

جواب} جہنم کے اوپر ایک پُل ہے اس کو "صراط" کہتے ہیں۔

سوال: کیا جنت اور دوزخ پیدا ہو چکی ہیں یا پیدا کی جائیں گی؟

جواب} جنت اور دوزخ پیدا ہو چکی ہیں اور ہزاروں برس سے موجود ہیں۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے اِس دنیا کے سوا "دو" اور عظیم الشان دار (گھر) پیدا کئے ہیں، اُن کے نام بتائیں؟

جواب} ۱) ایک "دار النعیم (اس کا نام جنت ہے) ۲) ایک دار العذاب (جس کو دوزخ کہتے ہیں)

سوال: حدیث پاک کے مطابق بتائیں کہ دوزخ میں کتنی وادیاں ہونگی؟

جواب} حدیث شریف میں ہے دوزخ میں ستّر (70) ہزار وادیاں ہیں، ہر وادی میں ستّر (70) ہزار گھاٹیاں، ہر گھاٹی میں ستّر (70) ہزار اژدھے اور ستّر (70) ہزار بچھو ہیں، ہر کافر و منافق کو ان گھاٹیوں میں پہنچنا ضرور ہے۔

سوال: وہ کب ہو گا کہ موت کو بھی موت آجائے گی؟

جواب} جب تمام جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے اور دوزخ میں فقط وہی لوگ رہ جائیں گے جن کو ہمیشہ وہاں رہنا ہے۔ اس وقت جنت اور دوزخ کے درمیان مینڈھے کی شکل میں موت لائی جائے گی اور سب کو دکھا کر ذبح کر دی جائے گی۔

سوال: سب سے بہتر غذا کونسی ہے؟

جواب} حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سب سے بہتر غذا وہ ہے جو انسان اپنے ہاتھوں کی کمائی سے کھائے۔ داؤد علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام بھی اپنی کمائی سے کھاتے تھے۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اُس چیز کا حکم دیا جس کا پیغمبروں کو دیا تھا، بتائیں وہ کیا حکم تھا؟

جواب} ترجمہ کنزالایمان: اے پیغمبرو! حلال رزق کھاؤ اور نیک عمل کرو۔(پارہ18، المؤمنون:51)

سوال:جو کوئی بھیک نہ مانگنے کی ضمانت دے اُس کے بارے میں پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیا فرماتے ہیں؟

جواب} فرمان مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم: جو کوئی بھیک نہ مانگنے کا ضامن بن جائے میں اس کیلئے جنت کا ضامن ہوں۔

سوال:حلال کمائی کن کی سنّت ہے؟

جواب} پیغمبروں کی سنّت ہے۔

سوال: آدم علیہ السلام نے اوّلاً کونسا کام کیا اور بعد میں کس کام میں مشغول ہو گئے؟

جواب} آدم علیہ السلام نے اولاً کپڑا بُننے کا کام کیا اور بعد میں آپ کھیتی باڑی میں مشغول ہو گئے۔

سوال:عیسیٰ علیہ السلام کی گزراوقات کیا تھی؟

جواب} عیسیٰ علیہ السلام سیر وسیاحت میں رہے، نہ کہیں مکان بنایا، نہ نکاح کیا اور فرماتے تھے کہ جس نے مجھے ناشتہ دیا ہے وہی شام کا کھانا بھی دے گا۔

سوال:صحابہ کرام علیہم الرضوان نے "نماز، جنگ، قضاء اور کاروبار" وغیرہ کی تعلیم کونسے مدرسوں سے حاصل کی؟

جواب} صرف ایک مدرسہ "مدرسۂ نبوی" یعنی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ سب تعلیمات حاصل کی تھیں۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:بتائیں قیامت کے دن کس کا نسب حسب باقی رہے گا؟

جواب}پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: قیامت میں سارے نسب حسب بیکار ہونگے،سوائے میرے نسب کے۔

سوال:اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزت والی کونسی قوم ہوگی؟

جواب}پارہ26،سورۃ الحجرات کی آیت نمبر:13 میں ہے۔ترجمہ کنزالایمان:اللہ کے نزدیک عزت والا وہی ہے جو تم میں پرہیز گار ہو۔

سوال:کیا کافروں کی بھی عزت کی جائے گی؟

جواب}پارہ28،سورۃ المنافقون کی آیت نمبر8 میں ہے۔ترجمہ کنزالایمان:عزت اللہ اور رسول کیلئے ہے اور مسلمانوں کیلئے۔{علم القرآن}

سوال:اگر کوئی شخص توحید،فرشتے،حشر ونشر،جنت ودوزخ سب کو مانے مگر پیارے آقا صلی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دل سے اپنا حاکم مطلق نہ مانے اور اپنے کو ان کا غلام تسلیم نہ کرے قرآنِ پاک اُن کے بارے میں کیا فرماتا ہے؟

جواب}پارہ5،سورۃ النساء کی آیت نمبر65 میں ہے:اے محبوب!تمہارے رب کی قسم!یہ سارے توحید والے اور دیگر لوگ اس وقت تک مومن نہ ہونگے جب تک کہ تم کو اپنا حاکم نہ مانیں اپنے سارے اختلاف و جھگڑوں میں پھر تمہارے فیصلے سے دلوں میں تنگی محسوس نہ کریں اور رضا و تسلیم اختیار کریں

سوال: قرآن کی اصطلاح میں تقوی کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب}دو(2) قسمیں:۱) تقوی بدن اور ۲) تقوی دل

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: کسی جرم کی شرعی سزا کو کیا کہتے ہیں؟

جواب} کفارہ

سوال: شرک کے لغوی کیا ہیں؟

جواب} کسی کو خدا کے برابر جاننا

سوال: بدعت کسے کہتے ہیں؟

جواب} دین میں نیا کام جو ثواب کیلیئے ایجاد کیا جائے اگر یہ کام خلاف دین ہو تو حرام ہے اور اگر اس کے خلاف نہ ہو تو درست۔{بہشت کی کنجیاں}

سوال: بہشت کس چیز کا نام ہے؟

جواب} جنت کو ہی بہشت کہتے ہیں۔

سوال: جنتوں کی تعداد اور نام بتائیں؟

۶)جنت ۵)جنت الماویٰ ۴)جنت عدن ۳)دارالسلام ۲)دارالقرار جواب} آٹھ(8)۔۔۱)دارالجلال

۸)جنت النعیم الخلد ۷)جنت الفردوس

سوال: جنت کے پھاٹک کتنے بڑے ہیں؟

جواب} جنت کے پھاٹک اتنے بڑے بڑے ہیں کہ اس کے دونوں بازوؤں کے درمیان چالیس برس کا راستہ ہے، مگر جب جنتی جنت میں داخل ہونے لگیں گے تو ان پھاٹکوں پر ہجوم کی کثرت سے تنگی محسوس ہونے لگے گی۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:بتائیں ایسا باغ کہاں ہے جس میں ستّر(70)ہزار درخت ہونگے ؟

جواب} جنت میں

سوال:جنت میں کس کس قسم کی نہریں بہتی ہیں ؟

جواب} شیریں پانی، شہد، دودھ اور شراب

سوال:جنت کی چاروں نہریں جس حوض میں گرتی ہیں اُس کا نام بتائیں ؟

جواب} حوضِ کوثر

سوال:حوضِ کوثر کیا ہے ؟

جواب} یہ حضور جانِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا وہ حوض ہے جس سے میدانِ محشر میں آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی اُمت کو سیراب فرمائیں گے۔

سوال:حوضِ کوثر ابھی کہاں ہے اور قیامت کے دن کہاں ہو گا؟

جواب} حوضِ کوثر ابھی جنت کے اندر ہے لیکن قیامت کے دن میدانِ محشر میں لایا جائے گا۔

سوال:کیا جنت میں بھی بازار لگے گا؟

جواب} جی ہاں! ہر جمعہ کے دن جنت میں ایک بازار لگے گا کہ اُس میں شمالی ہوا چلے گی جو جنتیوں کے چہروں اور کپڑوں پر لگے گی تو اُن کے حسن وجمال میں نکھار پیدا ہو کر وہ بہت زیادہ خوبصورت ہو جائیں گے۔

سوال:کیا قرآنِ پاک پر اعراب لگانا اور قرآنِ پاک کا تیس(30)پاروں میں تقسیم ہونا زمانہ نبوت میں ہو گیا تھا؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب} جی نہیں! یہ چیزیں زمانہ نبوت کے بعد شروع ہوئی تھیں۔

سوال: جو علم کی طلب میں گھر سے نکلے اُس کے بارے میں حدیثِ پاک میں کیا ارشاد آیا ہے؟

جواب} مفہوم: رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو علم کی طلب میں گھر سے نکلا وہ اپنے لوٹنے کے وقت تک جہاد میں ہے۔

سوال: علماء انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں، تو کیا یہ میراث دینار و درہم میں سے ہو گی؟

جواب} جی نہیں! انبیاء علیہم السلام کی میراث تو علم ہی ہے، تو جس نے اس کو لیا اُس نے بہت بڑا حصہ پالیا۔

سوال: جو شخص بھی خوب کامل وضو کرے پھر ان کلمات کو پڑھ لے: اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ تو اس کو کیا فضیلت حاصل ہوتی ہے؟

جواب} اُس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں کہ وہ جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہو جائے۔

سوال: اگر دفن کے بعد قبر کے پاس اذان دی جائے تو مُردہ کو کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

جواب} دفن کے بعد قبر کے پاس اذان دینے سے مُردہ کو منکر و نکیر کے سوالوں کا جواب دینے میں آسانی ہوتی ہے اور مُردہ کی وحشت اور گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔

سوال: جو اللہ عزوجل کیلئے ایک مسجد بنائے اُس بارے میں پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان سنائیں؟

جواب} فرمانِ مصطفی علیہ الصلوٰۃ والسلام: جو اللہ عزوجل کے لئے ایک مسجد بنائے گا تو اللہ عزوجل اُس کے لئے جنت میں ایک گھر بنا دے گا۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جنت اور نماز کی کنجی کس چیز کو فرمایا ہے؟

جواب} حضور جانِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کی کنجی نماز ہے اور نماز کی کنجی وضو ہے۔

سوال: تحیۃ الوضوء کسے کہتے ہیں؟

جواب} وضو کرنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھنا "تحیۃ الوضوء" کہلاتا ہے۔

سوال: وہ کیا چیز ہے جو اللہ عزوجل کے آتش غضب کو بجھاتا اور بری موت کو دفع کرتا ہے؟

جواب} صدقہ

سوال: جس شخص میں تین چیزیں ہونگی اللہ تعالیٰ اس کو اپنے عرش کے سائے میں رکھے گا جس دن اس کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا، وہ تین چیزیں بتائیں؟

جواب} ۱) تکلیفوں کے باوجود وضو کرنا ۲) اندھیریوں میں پیدل مسجد تک جانا ۳) بھوکے کو کھانا کھلانا

سوال: لوہا، آگ، پانی اور ہوا سے بھی زیادہ طاقتور چیز کیا ہی-؟

جواب} مفہومِ حدیث: ابنِ آدم اپنے داہنے ہاتھ سے اس طرح پوشیدہ کر کے صدقہ دے کہ بائیں ہاتھ سے بھی چھپائے، یہ ہوا سے بھی زیادہ طاقتور ہے، مطلب یہ ہے کہ صدقہ بہت بڑی طاقت والی چیز ہے کہ اس سے بڑی بڑی خطرناک بلائیں ٹل جاتی ہیں۔

سوال: "باب الریان" کیا ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟

جواب} جنت میں ایک دروازہ ہے جس کو "باب الریان" (سیرابی کا دروازہ) کہا جاتا ہے۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: قیامت کے دن "باب الریان" سے کون لوگ داخل ہونگے؟

جواب} قیامت کے دن روزہ دار جنت میں داخل ہونگے، روزہ داروں کے سوا کوئی بھی اس دروازہ سے جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

سوال: حجِ مبرور کرنے والے کو کیا ثواب ملتا ہے؟

جواب} حج مبرور کیلئے جنت کے سوا کوئی ثواب ہی نہیں ہے۔

سوال: حج مبرور کسے کہتے ہیں؟

جواب} وہ حج کہ جس کے دوران حاجی کوئی گناہ کا کام نہ کرے اور اس حج میں ریاکاری اور شہرت ونا موری کا کوئی شائبہ بھی نہ ہو بلکہ خالصاً لوجہ اللہ ہو۔

سوال: یوم النحر کس دن کو کہا جاتا ہے؟

جواب} ذوالحجہ کی 10 تاریخ کو

سوال: جو شخص بالقصد زیارت ہی کی نیت سے پیارے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مدینے کا سفر کرے اُس کے بارے میں حدیثِ پاک میں کیا فرمان ہے؟

جواب} پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بالقصد میری زیارت کو آیا وہ قیامت کے دن میری محافظت میں رہے گا۔

سوال: حدیثِ پاک کا مفہوم ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں جو جنت میں جانے کے بعد دنیا میں واپس آنے کی تمنا کرے مگر ایک ایسا شخص ہے جو اس بات کی تمنا کرے گا، بتائیں وہ کون ہوگا؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب} شہید اس بات کی تمنا کریگا کہ وہ پھر لوٹ کر دنیا میں جائے اور دس مرتبہ خدا عزوجل کی راہ میں قتل ہو کر شہید ہو۔

سوال: اللہ تعالیٰ کے ننانوے (99) نام گن گن کر اخلاص کے ساتھ پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب} جو اِن ناموں کو گن گن کر اِخلاص کے ساتھ پڑھتا رہے وہ جنت میں داخل ہو گا۔

سوال: ایک حدیث پاک میں ہے کہ چار چیزیں جس شخص میں ہو نگی، اللہ تعالیٰ اُس کیلئے جنت میں ایک گھر بنادے گا، وہ چار چیزیں کونسی ہیں؟

جواب} جس کی حفاظت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو، اور وہ جب کوئی نیکی کرے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے اور جب اس سے کوئی گناہ ہو جائے تو وہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ کہے اور جب اس کو کوئی مصیبت پہنچے تو وہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہے۔

سوال: اذکار ماثورہ کسے کہتے ہیں؟

جواب} کچھ ایسے کلمات اور دعائیں ہیں جو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم سے منقول ہیں کہ ان کو خود حضور نے پڑھا یا ان کے پڑھنے کا حکم دیا یا اُن کو پڑھنے کی فضیلت یا فائدہ اور ثواب بتایا، ایسے کلمات اور دعاؤں کو "اذکارِ ماثورہ" کہتے ہیں۔

سوال: ایک روایت میں ہے کہ تمام کلاموں میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ چار کلمات محبوب ہیں، بتائیں وہ کلمات کونسے ہیں؟

جواب} وہ کلمات یہ ہیں: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

سوال: جو شخص دن بھر میں ایک سو (100) مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھ لے گا اُس کو کیا فضیلت حاصل ہو گی؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب} اُس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے اگرچہ وہ گناہ سمندر کے جھاگ کے مثل ہوں (یعنی بہت زیادہ ہوں)۔

سوال: وہ دو (2) کلمے جو زبان پر بہت ہی ہلکے، میزانِ عمل میں بہت بھاری اور رحمن عزوجل کو بہت محبوب ہیں۔۔وہ دو کلمے کونسے ہیں؟

جواب} وہ دو کلمے یہ ہیں: سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ۔

سوال: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ اتنی اتنی بیماریوں کی دوا ہے، بتائیں کتنی بیماریوں کی دوا ہے؟

جواب} ننانوے (99) بیماریوں کی دوا ہے، سب سے کم دوا یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والے کو کوئی رنج و غم نہیں ہوتا۔

سوال: افضل ذکر اور افضل دعا کیا ہے؟

جواب} افضل ذکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ ہے اور افضل دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ہے۔

سوال: اللہ عزوجل کے بندوں میں سے کچھ ایسے لوگ ہیں جو نہ انبیاء ہیں نہ شہداء مگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کو ملنے والے مرتبوں پر انبیاء علیہم السلام اور شہداء علیہم الرحمۃ بھی رشک کریں گے، اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب} اس لئے کہ وہ لوگ صرف اللہ کیلئے دوسروں سے محبت کرتے رہے ہوں گے، حالانکہ اُن کے درمیان کوئی رشتہ داری ہوگی نہ آپس میں لین دین کرتے ہونگے۔

سوال: اللہ ہی کیلئے محبت اور اللہ ہی کیلئے دشمنی، اس کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

جواب} اَلْحُبُّ فِی اللہِ وَالْبُغْضُ فِی اللہِ

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: ہم شیطان، ابو لہب، ابو جہل اور تمام بد دینوں، بے دینوں مثلاً قادیانیوں، خارجیوں وغیرہ سے عداوت اور دشمنی کیوں رکھتے ہیں؟

جواب} کیونکہ یہ سب اللہ عزوجل اور اُس کے محبوبوں کے دشمن ہیں۔ اسی کو کہتے ہیں "اَلْبُغْضُ فِي اللّٰہِ"

سوال: جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرا اُس کیلئے کتنی جنتیں ہیں؟

جواب} اُس کیلئے دو(2) جنتیں ہیں۔

سوال: حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قیامت میں چار آنکھوں کے سوا تمام آنکھیں روئیں گی، وہ چار آنکھیں کونسی ہیں؟

جواب} (۱) وہ آنکھ جو دنیا میں اللہ کے خوف سے روچکی ہو۔ (۲) وہ آنکھ جو جہاد میں زخمی کر دی گئی ہو۔ (۳) وہ آنکھ جو اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں سے نیچی رہی۔ (۴) وہ آنکھ جو خدا کی عبادت میں راتوں کو جاگتی رہی۔

سوال: جو مسلمان کسی مسلمان کی بیمار پرسی کیلئے جاتا ہے تو کیا اس عمل پر بھی فضیلت ہے؟

جواب} جی ہاں! حدیثِ پاک میں کچھ اس طرح ہے کہ جنت میں اس کیلئے ایک باغ تیار ہو جاتا ہے۔

سوال: کل بروزِ قیامت "سچا اور امانت دار" تاجر کس کے ساتھ ہو گا؟

جواب} سچا اور امانت دار تاجر نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ (قیامت میں) رہے گا۔

سوال: نکاح، مسواک، حیا اور خوشبو لگانا، یہ چار(4) چیزیں کن کی سنّتوں میں داخل ہیں؟

جواب} یہ چار(4) چیزیں نبیوں کی سنّت میں داخل ہیں۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: جن مسلمان مرد و عورت کے تین (3) یا دو (2) یا ایک (1) نابالغ بچے فوت ہو گئے ہوں تو اللہ تعالیٰ اُن کو کیا اجر عطا فرماتا ہے؟

جواب} اللہ تعالیٰ ان بچوں کے ماں باپ کو اپنے فضل و رحمت سے جنت میں داخل فرمائے گا۔

سوال: جو شخص اپنے ماں باپ کا فرمانبردار ہو گا اُس کے لیے جنت کے کتنے دروازے کھول دیئے جائیں گے؟

جواب} اس کیلئے جنت کے دو (2) دروازے کھول دیئے جائیں گے۔

سوال: کیا ماں باپ کو دیکھنے میں بھی حجِ مبرور کا ثواب مل سکتا ہے؟

جواب} جی ہاں! جو اپنے ماں باپ کو رحمت کی نظر سے دیکھے گا تو اُس کو ہر نظر کے بدلے میں ایک حج مبرور کا ثواب ملے گا۔

سوال: بتائیں رشتہ داری توڑنے والے کی کیا سزا ہے؟

جواب} رشتہ داری کو کاٹ دینے والا جنت میں داخل نہیں ہو گا۔

سوال: جنت میں ایک گھر ایسا ہے جس کا نام دارالفرح (خوشی کا گھر) ہے، اس گھر میں کون لوگ داخل ہوں گے؟

جواب} اس گھر میں وہی لوگ داخل ہوں گے جنہوں نے دنیا میں مسلمانوں کے یتیم بچوں کا دل خوش کیا ہو گا۔

سوال: سب سے بہترین چیز جو انسان کو دی گئی وہ کیا ہے؟

جواب} اچھے اخلاق

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:وہ تین باتیں کونسی ہیں کہ جس میں پائی جائیں تو اللہ تعالیٰ اس کا حساب بہت آسان طریقے سے لے گا اور اس کو اپنی رحمت سے جنت میں داخل فرمائے گا؟

جواب}(۱)جو تمہیں محروم کرے تم اس کو عطا کرو اور (۲)جو تم پر ظلم کرے تم اس کو معاف کردو اور (۳)جو تم سے قطع تعلق کرے تم اس سے ملاپ کرو۔

سوال:سب سے زیادہ کون سی چیز لوگوں کو جنت میں داخل کرے گی؟

جواب}وہ یہ ہے:(۱)اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور (۲)اچھے اخلاق

سوال:کون سی چیز سب سے زیادہ لوگوں کو جہنم میں داخل کرے گی؟

جواب}وہ یہ ہے:(۱)منہ اور (۲)شرم گاہ۔

سوال:ایسا کب ہوتا ہے کہ دو مسلمانوں کے گناہ ایک ساتھ بخش دیئے جاتے ہیں؟

جواب}جب دو مسلمان ملاقات کرتے ہیں پھر دونوں مصافحہ کرتے ہیں تو ان دونوں کے گناہ ان کے الگ ہونے سے پہلے ہی بخش دیئے جاتے ہیں۔

سوال:ایمان کی کتنی شاخیں ہیں؟

جواب}حدیثِ پاک کے مطابق ایمان کی ستر (70) سے کچھ زائد شاخیں ہیں۔

سوال: صاحبِ مرقاۃ نے حیاء کی کیا تعریف بیان کی ہے؟

جواب}حیاء وہ عادت ہے کہ آدمی کو برے کاموں سے ایمان کے سبب سے روک دے۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:اعمالِ اسلام کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب}اعمالِ اسلام کی دو ہی قسمیں ہیں:۱)اوامر یعنی اچھے کاموں کو کرو ۲)نواہی یعنی برے کاموں کو مت کرو

سوال:حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث پاک کے مطابق بتائیں کہ صبر کتنی طرح کا ہوتا ہے؟

جواب}صبر تین ہیں:(1)مصیبت پر صبر (2)عبادت پر صبر (3)گناہ سے صبر

سوال:حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُمتِ محمدی کی مدد کس طرح کی تھی؟

جواب}شبِ معراج پچاس(50)نمازوں کی پانچ(5)نمازیں کروائیں۔

سوال:بتائیں نامہ اعمال کی تحریر کونسی زبان میں ہو گی؟

جواب}عربی

سوال:وہ کونساوقت ہو گا جب کوئی بھی بے پڑھا نہ ہو گا بلکہ سب لوگ تحریر پڑھ لیں گے؟

جواب}قیامت میں،جب ہر ایک کو اُس کا نامہ اعمال دیا جائے گا۔

سوال:چار پشتوں کے نبی اور چار پشتوں کے صحابی کا نام بتائیں؟

جواب}چار پشتوں کے نبی حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام اور چار پشتوں کے صحابی حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

سوال:قرآنِ پاک کی آیت کے اِس حصّے "ثَانِیَ اثۡنَیۡنِ اِذۡ ھُمَا فِی الۡغَارِ" میں کون سے صحابی کی طرف اشارہ ہے؟

جواب}حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: دنیا کا ظہور کن کے صدقے میں ہوا ہے؟

جواب} دنیا کا ظہور حضرت آدم علیہ السلام کے گندم کھانے کے صدقے سے ہے۔

{المواہب اللدنیہ}

سوال: سب سے پہلے کس فرشتے نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا تھا؟

جواب} حضرت اسرافیل علیہ السلام

سوال: حضرت آدم علیہ السلام نے "حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جو مہر ادا کیا وہ بتائیں؟

جواب} المواہب اللدنیہ میں ہے کہ: اللہ تعالیٰ کی طرف سے "حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا" کا مہر تین (3) مرتبہ یا بیس (20) مرتبہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر دُرود بھیجنا تھا۔

(المواھب اللدنیہ، صفحہ:47)

سوال: پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت کس دن عطا کی گئی؟

جواب} سوموار (پیر) کے دن

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کس دن مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت فرمائی تھی؟

جواب} سوموار (پیر) کے دن

سوال: پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا پنگھوڑا مبارک کیسے حرکت کرتا تھا؟

جواب} آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پنگھوڑا مبارک فرشتوں کے حرکت دینے سے حرکت کرتا تھا۔

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شقِ صدر کے واقعات کتنی بار پیش آئے؟

جواب} چار (4) بار

سوال: پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں کاندھوں کے درمیان جو مہر نبوت تھی اُس کی ایک اور خاص بات کیا تھی؟

جواب} اس سے کستوری کی خوشبو آتی تھی۔

سوال: جس طرح آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دونوں کندھوں کے درمیان "مہر نبوت" تھی اِسی طرح دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوت کی علامات کہاں تھیں

جواب} دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے دائیں ہاتھ میں نبوت کی علامات تھیں۔

سوال: پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم "حمیرہ" اپنی ازواجِ مطہرات میں سے کن کو فرماتے تھے؟

جواب} حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بطورِ محبت

سوال: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ جملہ "اَنْتِ اُمِّی بعدَ اُمِّیْ" (میری (سگی) ماں کے بعد تُم میری ماں ہو) کن کو ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب} حضرت اُمِ ایمن کو، کیونکہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے بعد حضرت اُم ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہی آپ کی پرورش کی تھی۔

سوال: تعمیرِ کعبہ کے موقع پر حجرِ اسود کو دیوار میں کس نے نصب کیا تھا؟

جواب} پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

# کلام کا نصاب



## یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یاالٰہی بُھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیِ دیدار حُسنِ مصطفٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُن کے پیارے منھ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب پڑے محشر میں شورِ دار و گیر
اَمن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب زبانیں باہَر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جُود و عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشیدِ حشر
سیّدِ بے سایہ کے ظِلِّ لوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

یاالٰہی نامۂ اعمال جب کُھلنے لگیں
عیب پوشِ خلق ستّارِ خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حسابِ جُرم میں
اُن تبسّم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب حسابِ خندۂ بیجا رُلائے
چشمِ گریانِ شفیعِ مُرتجٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی رنگ لائیں جب مِری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب چلوں تاریک راہِ پُل صِراط
آفتابِ ہاشمی نُور الہُدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
رَبِّ سَلِّمْ کہنے والے غمزُدا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جو دُعائے نیک میں تجھ سے کروں
قُدسیوں کے لب سے آمیں رَبَّنَا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضاؔ خوابِ گِراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفٰے کا ساتھ ہو

❁❁❁❁❁



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

## کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمہاری واہ واہ

کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمہاری واہ واہ
قرض لیتی ہے گنہ پرہیز گاری واہ واہ

خامۂ قدرت کا حُسنِ دست کاری واہ واہ
کیا ہی تصویر اپنے پیارے کی سنواری واہ واہ

اشک شب بھر انتظارِ عفوِ اُمّت میں بہیں
میں فِدا چاند اور یُوں اختر شماری واہ واہ

اُنگلیاں ہیں فیض پر ٹُوٹے ہیں پیاسے جھوم کر
ندیاں پنجابِ رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

نُور کی خیرات لینے دوڑتے ہیں مہر و ماہ
اُٹھتی ہے کس شان سے گردِ سواری واہ واہ

نیم جلوے کی نہ تاب آئے قمر ساں تو سہی
مہر اور ان تلووں کی آئینہ داری واہ واہ

نفس یہ کیا ظلم ہے جب دیکھو تازہ جرم ہے
ناتواں کے سر پر اِتنا بوجھ بھاری واہ واہ



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

مجرموں کو ڈھونڈتی پھرتی ہے رحمت کی نگاہ
طالعِ برگشتہ تیری سازگاری واہ واہ

عرض بیگی ہے شفاعت عفو کی سرکار میں
چھنٹ رہی ہے مجرموں کی فرد ساری واہ واہ

کیا مدینہ سے صبا آئی کہ پھولوں میں ہے آج
کچھ نئی بو بھینی بھینی پیاری پیاری واہ واہ

خود رہے پردے میں اور آئینہ عکسِ خاص کا
بھیج کر انجانوں سے کی راہ داری واہ واہ

اِس طرف روضہ کا نور اُس سَمت منبر کی بہار
بیچ میں جنت کی پیاری پیاری کیاری واہ واہ

صدقے اس اِنعام کے قربان اس اِکرام کے
ہو رہی ہے دونوں عالَم میں تمہاری "واہ واہ"

پارۂ دل بھی نہ نِکلا دِل سے تحفے میں رضاؔ
اُن سگانِ کو سے اتنی جان پیاری واہ واہ

❁❁❁❁❁



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

# ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحٰے ترے چہرۂ نور فزا کی قسم

ہے کلامِ الٰہی میں شمس وضحٰے ترے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسمِ شبِ تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلفِ دوتا کی قسم

ترے خُلق کو حق نے عظیم کہا تری خِلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا ترے خالقِ حُسن وادا کی قسم

وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلامِ مجید نے کھائی شہا ترے شہر[1] وکلام[2] وبقا[3] کی قسم

---

۱: قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ''لَآ اُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَاَنْتَ حِلٌّ بِھٰذَا الْبَلَدِ'' مجھے اس شہر مکہ کی قسم ہے اس لئے کہ اے محبوب تو اس میں تشریف فرما ہے۔۱۲

۲: قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ''وَقِیْلِہٖ یٰرَبِّ اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ۝'' مجھے رسول کے اس کہنے کی قسم ہے کہ اے میرے رب یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔۱۲

۳: قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ''لَعَمْرُكَ اِنَّھُمْ لَفِیْ سَكْرَتِھِمْ یَعْمَھُوْنَ ۝'' اے محبوب مجھے تیری جان کی قسم کہ یہ کافر اپنے نشے میں اندھے ہو رہے ہیں۔۱۲



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

ترا مسندِ ناز ہے عرشِ بریں ترا محرم راز ہے رُوحِ امیں
تُو ہی سرورِ ہر دو جہاں ہے شہا ترا مِثل نہیں ہے خدا کی قسم

یہی عرض ہے خالقِ ارض وسماوہ رسول ہیں تیرے میں بندہ ترا
مجھے ان کے جوار میں دے وہ جگہ کہ ہے خلد کو جس کی صفا کی قسم

تُو ہی بندوں پہ کرتا ہے لطف و عطا ہے تجھی پہ بھروسا تجھی سے دعا
مجھے جلوۂ پاکِ رسول دِکھا تجھے اپنے ہی عِزّ و عَلا کی قسم

مِرے گرچہ گناہ ہیں حد سے سوا مگر ان سے امید ہے تجھ سے رجا
تُو رحیم ہے ان کا کرم ہے گوا وہ کریم ہیں تیری عطا کی قسم

یہی کہتی ہے بلبلِ باغِ جناں کہ رضؔا کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہِند میں واصفِ شاہِ ہُدیٰ مجھے شوخیِ طبعِ رضؔا کی قسم

❀❀❀❀❀



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

# سب سے اولٰی و اعلٰی ھمارا نبی

سب سے اَولٰی و اعلٰی ہمارا نبی
سب سے بالا و وَالا ہمارا نبی
اپنے مولٰی کا پیارا ہمارا نبی
دونوں عالَم کا دُولھا ہمارا نبی

بزمِ آخر کا شمع فَروزاں ہوا
نُورِ اوّل کا جلوہ ہمارا نبی
جس کو شایاں ہے عرشِ خدا پر جلوس
ہے وہ سلطانِ والا ہمارا نبی

بُجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبی
جس کے تلووں کا دھووَن ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی

عرش و کرسی کی تھیں آئینہ بندیاں
سُوئے حق جب سدھارا ہمارا نبی
خلق سے اَولیا اَولیا سے رُسل
اور رَسولوں سے اَعلٰی ہمارا نبی



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

حسن کھاتا ہے جس کے نمک کی قسم
وہ مَلیحِ دِل آرا ہمارا نبی

ذِکر سب پھیکے جب تک نہ مذکور ہو
نمکین حسن والا ہمارا نبی

جس کی دو بُوند ہیں کوثر و سلسبیل
ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی
ان کا اُن کا تمہارا ہمارا نبی

قرنوں بدلی رَسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی

کون دیتا ہے دینے کو منھ چاہیے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی

کیا خبر کتنے تارے کِھلے چھپ گئے
پر نہ ڈُوبے نہ ڈُوبا ہمارا نبی

مُلکِ کونین میں اَنبیا تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

لامکاں تک اُجالا ہے جس کا وہ ہے
ہر مکاں کا اُجالا ہمارا نبی

سارے اچھوں میں اچھا سمجھیے جسے
ہے اُس اچھے سے اچھا ہمارا نبی

سارے اُونچوں میں اُونچا سمجھیے جسے
ہے اُس اُونچے سے اُونچا ہمارا نبی

انبیا سے کروں عرض کیوں مالکو!
کیا نبی ہے تمہارا ہمارا نبی

جس نے ٹکڑے کیے ہیں قمر کے وہ ہے
نُورِ وَحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی

سب چمک والے اُجلوں میں چمکا کیے
اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی

جس نے مُردہ دِلوں کو دی عمرِ اَبد
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی

غمزدوں کو رضاؔ مژدہ دیجے کہ ہے
بیکسوں کا سہارا ہمارا نبی



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

## کاش! دشتِ طیبہ میں میں بھٹک کے مر جاتا

کاش! دشتِ طیبہ میں، میں بھٹک کے مرجاتا
پھر بقیعِ غرقد میں دفن کوئی کر جاتا

کاش! جانبِ طیبہ آہ! یوں اگر جاتا
چاک چاک میں لیکر سینہ و جگر جاتا

کاش! گنبدِ خضرا پر نگاہ پڑتے ہی
کھا کے غش میں گر جاتا پھر تڑپ کے مرجاتا

زاہدینِ دُنیا بھی رشک کرتے عاصی پر
مصطفٰے کے قدموں میں دفن ہو اگر جاتا

یانبیِ رحمت یہ میرے دل کی حسرت ہے
خاک بن کے طیبہ کی کاش! میں بکھر جاتا

کاش! ایسا مل جاتا عشق نام سنتے ہی
آنکھ بھی اُمنڈ آتی دل بھی غم سے بھر جاتا



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

دل سے الفتِ دنیا بِالیقیں نکل جاتی

خار ان کے صَحرا کا دل میں گر اُتَر جاتا

جذبۂ غزالی دو وَلوَلہ بِلالی دو

کاش مُرشِدی جیسا مل تپاں جگر جاتا

زائرِ مدینہ تُو چل رہا ہے ہنس ہنس کر

کاش! لے کے مُضطَر قلب اور چشمِ تر جاتا

بے دھڑک مدینے میں داخِلہ ہوا تیرا

کاش! پاؤں کے بدلے سر کے بل اگر جاتا

روتے روتے مر جاتا وقتِ رخصتِ طیبہ

کاش! میں مدینے سے لوٹ کر نہ گھر جاتا

کاش! فُرقتِ طیبہ سے میں رہتا رنجیدہ

ہر خوشی کا لمحہ بھی روتے ہی گزر جاتا



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کام میرا بن جاتا جو تری نظر ہوتی
میرا ڈوبا بیڑا بھی یا نبی اُبھر جاتا

لازِمی ہے ہر صورت چھوڑنا گناہوں کا
بھائی موت سے پہلے کاش! تُو سدھر جاتا

غیر کے تُو فیشن کو چھوڑ دے مِرے بھائی
اُن کی سُنّتیں اپنا کیوں ہے دربدر جاتا

بے عدد غلام آقا خُلد جا رہے ہیں کاش!
میں بھی ساتھ ان کے یا شاہِ بحر و بر جاتا

یاخدا! مبلِّغ میں سُنّتوں کا ہوتا کاش!
تیرے دین کی خدمت کچھ جہاں میں کر جاتا

اُن کا آ گیا عطّار اُن کا آ گیا عطّار
شور تھا یہ ہر جانب حَشْر میں جدھر جاتا



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

## عطّار نے دربار میں دامن ہے پسارا!

عطّار نے دربار میں دامن ہے پسارا ہے اِذْنِ مدینہ کا طلب گار بچارا
چمکا دو شہا! میرے مقدّر کا ستارا پھر حج کا شَرَف مجھ کو عطا کردو خدارا
میں سالِ گُزشتہ بھی تو آیا تھا مدینے اِس سال بھی ہو جائے مدینے کا نظارا
مکّے کی حسیں شام کی دیکھوں میں بہاریں پھر دیکھوں مدینے کی شہا صبحِ دل آرا
"سامانِ مدینہ" تو شہا! لاکے رکھا ہے اب دے دو سفر کا بھی ہمیں اِذْن خدارا
مایوس نہیں تم سے یہ دیوانے تمہارے اب کردو کرم تم نہ کرو دیر خدارا
تاخیر ہوئی جاتی ہے کیوں کُوچ میں آخر؟ تشویش میں طیبہ کا مسافر ہے بچارا
بگڑا ہوا ہر کام سنور جائے گا میرا کردیں گے شہا! آپ جو اَبرُو کا اشارہ
سرکار! مدینے میں اِسی سال بُلا لو اے شاہ! بڑی آس سے ہے تم کو پکارا
یارب ہمیں مکّے کی فضاؤں میں بُلا لے اور خانۂ کعبہ کا کریں جم کے نظارا
ہو جائے مری حاضری عرفات و مِنیٰ میں اور مُزدَلِفہ کا بھی کروں خوب نظارا
جو ہجرِ مدینہ میں تڑپتے ہیں شب و روز کرلیں کبھی طیبہ کا شہا! وہ بھی نظارا



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کس طرح مدینے میں مِرا داخِلہ ہوگا — آلودہ وُجود آہ! گناہوں سے ہے سارا

اے کاش! مِری آنکھ ہو دیدار کے قابل — جی بھر کے کروں گُنبدِ خضرا کا نظارا

مرنے دو مدینے میں مجھے قافِلے والو — اے چارہ گرو! تم بھی نہ کرنا کوئی چارہ

ہم جائیں کہاں اور شہا کس کو پکاریں — ہمدرد نہیں تیرے سوا کوئی ہمارا

دُکھیوں کا نہیں تیرے سوا کوئی بھی ہَمدَم — ہے کس کو غرض دُور کرے دَرد ہمارا

گو بد ہوں گنہگار ہوں بدکار بُرا ہوں — جیسا بھی ہوں سرکار تمھارا ہوں تمہارا

ہم کیوں کریں حُکّام کی اُمرا کی خوشامد — جب آپ کے ٹکڑوں پہ ہمارا ہے گزارا

شیطان نے بہکا کے گناہوں میں پھنسایا — اور نفسِ بداطوار نے عِصیاں پہ اُبھارا

عِصیاں کے سَمُندر میں پھنسی ناؤ ہماری — تم آ کے سنبھالو ہے بَہُت دُور کنارا

افسوس! گناہوں سے ہے پُر نامۂ اعمال — رکھئے گا مِری لاج قِیامت میں خُدارا

عطّار کا بس آپ کے ہاتھوں میں بھرم ہے
کہہ دیجئے عطّار ہمارا ہے ہمارا

فرمانِ مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: جو کسی مسلمان کو بھوک میں کھانا کھلا کر سیر کر دے تو اللہ تعالیٰ اُسے جنّت میں اُس دروازے سے داخل فرمائے گا جس میں سے اس جیسے لوگ ہی داخل ہوں گے۔ (اَلْمُعْجَمُ الْکَبِیر لِلطَّبَرانی ج ۲۰ ص ۸۰ حدیث ۱۶۲)



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

# قسمت مِری چمکائیے چمکائیے آقا

قسمت مِری چمکایئے چمکایئے آقا! | مجھ کو بھی درِ پاک پہ بُلوایئے آقا
سینے میں ہو کعبہ تو بسے دل میں مدینہ | آنکھوں میں مری آپ سما جایئے آقا
بے تاب ہوں بے چَین ہوں دیدار کی خاطر | لِلّٰہ مِرے خواب میں آ جایئے آقا
ہر سَمت سے آفات و بَلِیّات نے گھیرا | مجبور کی اِمداد کو اب آیئے آقا
سَکرات کا عالَم ہے شَہا! دم ہے لبوں پر | تشریف سِرہانے مِرے اب لایئے آقا
وَحشت ہے اندھیرا ہے مری قَبْر کے اندر | آ کر ذرا روشن اِسے فرمایئے آقا
مُجرِم کو لئے جاتے ہیں اب سُوئے جہنَّم | لِلّٰہ ! شَفاعت مِری فرمایئے آقا

عطّاؔر پہ یا شاہِ مدینہ ہو عِنایت
وِیرانۂ دل آ کے بسا جایئے آقا

## اِسراف کی تعریف

**غیرِ حق میں صَرْف** (یعنی خَرچ) **کرنا**۔(فتاوٰی رضویہ مُخَرَّجہ ج ا ص ۶۹۰ رضا فاؤنڈیشن مرکز الاولیا لاہور) مَثَلاً نافرمانی کی جگہوں پر خرچ کرنا۔



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

# یا مصطفٰے عطا ہو اب اِذن حاضِری کا

(اَلحمدُ لِلّٰہ ۳۰ شعبانُ المعظّم ۱۴۱۴ھ کو یہ کلام قلمبند کیا گیا)

یا مصطفٰے عطا ہو اب اِذن، حاضِری کا
کرلوں نظارہ آکر میں آپ کی گلی کا

اِک بار تو دِکھا دو رَمضان میں مدینہ
بیشک بنالو آقا مہمان دُو گھڑی کا

روتا ہوا میں آؤں داغِ جگر دکھاؤں
افسانہ بھی سناؤں میں اپنی بیکسی کا

میں سبز سبز گُنبد کی دیکھ لوں بَہاریں
اب اِذن دیدو آقا تم مجھ کو حاضِری کا

مولیٰ غمِ مدینہ دیدے غمِ مدینہ
دیوانہ تُو بنا دے مجھ کو ترے نبی کا

خونِ جگر سے سِینچا ہے باغِ سُنّیت کا
کردو کرم وَسیلہ اُس مَدنی مُرشِدی کا

یا سیِّدِ مدینہ! بس آپ ہی نبھانا
گو ہوں بڑا کمینہ پر ہوں تو آپ ہی کا

یا مصطفٰے! گُناہوں کی عادَتیں نکالو
جذبہ مجھے عطا ہو سنّت کی پَیروی کا

ہوں دُور اب بلائیں دیتا ہوں واسِطہ میں
مظلومِ کربلا کی سرکار! بیکسی کا



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

اللہ! حُبِّ دنیا سے تُو مجھے بچانا　　سائل ہوں یا خدا میں عشقِ محمدی کا
فخر و غُرور سے تُو مولیٰ مجھے بچانا　　یارب! مجھے بنا دے پیکر تُو عاجزی کا
ایماں پہ ربِّ رَحمت دیدے تُو استِقامت　　دیتا ہوں واسِطہ میں تجھ کو ترے نبی کا
ہو ہر نَفَس[1] مدینہ دھڑکن میں ہو مدینہ　　جب تک نہ سانس ٹوٹے سرکار زندگی کا
دنیا کے تاجدارو! تم سے مجھے غَرَض کیا!　　منگتا ہوں میں تو منگتا سرکار کی گلی کا
اللہ! اِس سے پہلے ایماں پہ موت دیدے　　نقصاں مِرے سبب سے ہو سنّتِ نبی کا
اُلفت کی بھیک دیدو دیتا ہوں واسِطہ میں　　صِدّیق کا عمر کا عُثمان کا علی کا
کچھ نیکیاں کمالے جلد آخرت بنالے　　کوئی نہیں بھروسا اے بھائی! زندگی کا

میزاں[2] پہ سب کھڑے ہیں اعمال تُل رہے ہیں
رکھ لو بھرم خدارا! عطّار قادِری کا

مـــــــــــــــــــــــــــــدینہ

[1]: سانس　[2]: ترازو



Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.